مستفید ہوتے تھے، اب مولانا عبدالمنان اور مولانا سلمان صاحبان نے اہل علم اور دینی ذوق رکھنے والوں کیلئے ان افادات کو کتابی شکل میں مرتب کرنے کی سعادت حاصل کی۔ زیر تبصرہ ''حدیث کے اصلاحی مضامین'' انہیں دروس کا مجموعہ ہے، نہایت عام فہم زبان میں احادیث کے اصلاحی مضامین کا چناؤ کیا گیا ہے، اس کتاب سے عامۃ الناس اور خواص یکساں طور پر مستفید ہوسکتے ہیں اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے انوارات سے اپنے آپ کو مستفیض کراسکتے ہیں۔

● **خزینۃ عملیات روحانی مع ادویات یونانی** مرتب: جناب حاجی امیر نواب مرحوم

ضخامت: ۲۷۰ صفحات ناشر: سہ ماہی تجلیات فرید کانگڑہ، دارالعلوم احناف شبقدر چارسدہ

زیر تبصرہ کتاب ''خزینۃ عملیات روحانی مع ادویات یونانی'' جناب امیر نواب مرحوم کی تصنیف لطیف ہے، جس میں انہوں نے پانچ علوم کو سمیٹنے کی کوشش کی ہے، حصہ اول علمیات، حصہ دوم ادویات رجال، حصہ سوم، ادویات نساء، حصہ چہارم ادویات اطفال، حصہ پنجم اقوال زریں، یقیناً یہ پشتو زبان میں اپنے موضوع پر قیمتی کاوش اور بکھرے موتیوں کا ایک بہترین مجموعہ ہے۔

● **دعا وتقدیر** مؤلف: محترمہ سیدہ خیر النساء بہتر صاحبہ مرحومہ

ضخامت: ۸۸ صفحات ناشر: مجلس نشریات اسلام، ناظم آباد کراچی

تمام مسلمانوں کا بحیثیت مسلمان یہ عقیدہ ہے کہ نظام عالم کو چلانے والا اور کائنات کی ہر چیز کا مالک صرف اور صرف ایک ہی معبود برحق ہے، جو کچھ ہوتا ہے وہ سب کچھ اللہ کی مشیت وارادے سے ہوتا ہے، اس کو عقیدہ تقدیر کہا جاتا ہے اور تقدیر کی ایک قسم دعاؤں سے تبدیل بھی ہوجاتی ہے، تقدیر پر ہر مسلمان کا ایمان لانا ضروری ہے، دعا و تقدیر کے اس اہم مسئلہ کی وضاحت کے لئے مفکر اسلام مولانا ابوالحسن علی ندویؒ کی والدہ ماجدہ محترمہ سیدہ خیر النساء مرحومہ کی یہ مختصر سی کتاب بہت اہم ہے۔

زیر تبصرہ کتاب ''دعا وتقدیر'' میں مؤلفہ مرحومہ نے دعا کی تاثیر، تقدیر کی کارفرمائی اور اپنے رویائے صادقہ اور مبشرات لکھے ہیں، یہ کتاب انہوں نے اس غرض سے لکھی ہے کہ جو لوگ دعا کی اہمیت نہیں سمجھتے اور اس کے فوائد سے محروم رہ جاتے ہیں وہ اس کو دیکھ کر اپنی خام خیالی سے باز رہیں اور دعاؤں کے ذریعے سے اپنے آپ کو بہرہ ور کریں۔ اپنے موضوع پر بہترین معلوماتی اور علمی کتابچہ ہے ہر خاص وعام اس سے مستفید ہوسکتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کو مرحومہ کے حق میں رفع درجات کا وسیلہ بنائے۔